ویکیپیڈیا

مسجد خرقہ شریف (استنبول)

آزاد دائرۃ المعارف، ویکیپیڈیا سے

مسجد خرقہ شریف استنبول (ترکی) کے علاقہ " فاتح " میں موجود ہے جس کی فضیلت اور انفرادیت کے لیے یہی ایک شرف کافی ہے کہ اس میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک خرقہ مبارک موجود ہے۔یہ وہ خرقہ مبارک ہے جو آپ نے حضرت اویس قرنی کے لیے ارسال فرمایا تھا۔سال 1027ھ یہ خرقہ شریفہ حضرت اویس قرنی کے گھرانے میں جناب شکر اللہ آفندی کے پاس پہنچا جو اسے استنبول لے کر آئے اور ہر سال رمضان المبارک میں وہ اس کی زیارت کروایا کرتے تھے۔یہ خرقہ شریف استنبول کی معروف مسجد " خرقہ شریف" میں موجود ہے جس کی تعمیر عثمانی سلطان عبد المجید خان نے کروائی۔(1)

حوالہ جات

1. زیارات ترکی، افتخار احمد حافظ قادری، 2013ھ ، صفحہ نمبر 19